بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابولہب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رشتے میں کیا لگتا تھا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ابولہب کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

جواب

ابولہب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا تھا، مگر اس کی بدبختی کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں لایا، بلکہ اِس کی مذمت میں اللہ تعالیٰ نے مکمل سورت بنام "سورۃ اللھب" نازل فرمائی۔

"البدایۃ والنھایۃ" میں ہے: وهو أخو الحارث، والزُّبير، وحمزة، وضِرار، وأبي طالب واسمه عبد مناف وأبي لهب واسمه عبد العُزّى والمُقَوَّم واسمه عبد الكعبة۔۔۔ فهؤلاء أعمامه عليه الصلاة والسلام۔ ترجمہ: **اور حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ حارث، زبیر، حمزہ، ضرار، ابوطالب جن کا نام عبد مناف تھا، ابولہب جس کا نام عبد العزیٰ تھا اور مقوم جن کا نام عبد الکعبہ تھا، کے بھائی ہیں، پس یہ سب آپ علیہ الصلاۃ والسلام کے چچا ہیں۔ (البدایۃ والنھایۃ، جلد 3، صفحہ 18، مطبوعہ دار ابن کثیر، بیروت)**

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-061

تاریخ اجراء: 14 ربیع الاول 1448ھ/28 اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net